احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

پیر 13 جولائی 2009ء

روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 13 جولائی 2009ء 19 رجب 1430 ہجری 13 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 156

انسان کی بنیادی ضروریات

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ

ابن آدم کا ان چیزوں کے علاوہ اور کوئی حق نہیں۔ رہنے کیلئے گھر، تن ڈھانکنے کیلئے کپڑا۔ پیٹ بھرنے کیلئے روٹی اور (پینے کیلئے) پانی۔

(ترمذی کتاب الزهد حديث نمبر:2263)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مالی عبادت جس قدر انسان اپنی کوشش سے کرسکتا ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ اپنے اموال مرغوبہ میں سے کچھ خدا کیلئے دیوے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اِسی سورۃ میں فرمایا ہے ومـمّا رزقنٰهم ينفقون اور جیسا کہ ایک دُوسری جگہ فرمایا ہے لن تنالوا البر .... لیکن ظاہر ہے کہ اگر مالی عبادت انسان اسی قدر بجالاوے کہ اپنے اموال محبوبہ مرغوبہ میں سے کچھ خدا تعالیٰ کی راہ میں دیوے تو یہ کچھ کمال نہیں ہے کمال تو یہ ہے کہ ماسویٰ سے بکلی دست بردار ہوجائے اور جو کچھ اُس کا ہے وہ اُس کا نہیں بلکہ خدا کا ہوجائے۔ یہاں تک کہ جان بھی خدا تعالیٰ کی راہ میں فدا کرنے کیلئے طیار ہو کیونکہ وہ بھی مـمّـا رزقنٰهم میں داخل ہے خدا تعالیٰ کا منشا اُس کے قول مـمّا رزقنا سے صرف درہم و دینار نہیں ہے بلکہ یہ بڑا وسیع لفظ ہے جس میں ہر ایک وہ نعمت داخل ہے جو انسان کو دی گئی ہے۔

غرض اِس جگہ بھی هـدًى لّـلـمتّقين فرمانے سے خدا تعالیٰ کا یہ منشاء ہے کہ جو کچھ انسان کو ہر ایک قسم کی نعمت مثلاً اُس کی جاؔن اور صحتؔ اور علمؔ اور طاقتؔ اور ماؔل وغیرہ میں سے دیا گیا ہے اسکی نسبت انسان اپنی کوشش سے صرف مـمّـا رزقـنٰهـم يـنفقون تک اپنا اخلاص ظاہر کرسکتا ہے اور اس سے بڑھ کر بشری قوتیں طاقت نہیں رکھتیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کا قرآن شریف پر ایمان لانے والے کیلئے اگر وہ ممّا رزقنٰهم ينفقون کی حد تک اپنا صدق ظاہر کرے گا۔ بموجب آیت هدًى للمتقين کے یہ وعدہ ہے کہ خدا تعالیٰ اِس قسم کی عبادات میں بھی کمال تک اُسکو پہنچا دیگا اور کمال یہ ہے کہ اُسکو یہ قوت ایثار بخشی جائیگی کہ وہ شرح صدر سے یہ سمجھ لے گا کہ جو کچھ اُس کا ہے خدا کا ہے اور کبھی کسی کو محسوس نہیں کرائے گا کہ یہ چیزیں اُسکی تھیں جس کے ذریعہ سے اُس نے نوعِ انسان کی خدمت کی۔ مثلاً احسان کے ذریعہ سے کبھی انسان کسی کو محسوس کراتا ہے کہ اُس نے اپنا مال دُوسرے کو دیا مگر یہ ناقص حالت ہے کیونکہ وہ تبھی محسوس کرے گا کہ جب اُس چیز کو اپنی چیز سمجھے گا۔ پس جب بموجب آیت هدًى لّلمتّقين کے خدا تعالیٰ قرآن شریف پر ایمان لانے والے کو اس مقام سے ترقی بخشے گا تو وہ یہاں تک اپنی تمام چیزوں کو خدا کی چیزیں سمجھ لے گا کہ محسوس کرانے کی مرض بھی اُس کے دل میں سے جاتی رہے گی اور نوع انسان کے لئے ایک مادری ہمدردی اُس کے دل میں پیدا ہوجائے گی بلکہ اس سے بھی بڑھ کر۔ اور کوئی چیز اُسکی اپنی نہیں رہے گی۔ بلکہ سب خدا کی ہوجائے گی اور یہ تب ہوگا کہ جب وہ سچے دل سے قرآن شریف اور نبی کریمؐ پر ایمان لائے گا بغیر اس کے نہیں۔

(حقيقة الوحی، روحانی خزائن جلد22ص139)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

نور العین میں ویکسینیشن کیمپ

احباب کی سہولت کی خاطر ادارہ نور العین میں ہیپاٹائٹس بی (Hepatitis-B) کی ویکسین کا کیمپ لگایا جارہا ہے۔ یہ کیمپ مورخہ 19 جولائی 2009ء کو صبح 9:30 بجے تا شام 4:00 بجے تک ہوگا۔ احباب و خواتین سے درخواست ہے کہ اس کیمپ سے استفادہ کے لئے تشریف لائیں۔ کیمپ کی رجسٹریشن کے لئے احباب پہلے بھی تشریف لا سکتے ہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ ضلع بہاولپور

ضلع بہاولپور میں صد سالہ خلافت جوبلی کی تقریبات

اللہ کے فضل وکرم سے جماعت ہائے احمدیہ ضلع بہاولپور میں خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی اللہ تعالیٰ کے حضور اظہار تشکر اور خوشی کے جذبات کے ساتھ منائی گئی۔ تمام جماعتوں میں تہجد اور صدقات کا اہتمام کیا گیا۔ ضلع کے سات مختلف مقامات پر جلسے منعقد کئے گئے۔ ان جلسوں میں ضلع بھر کی 19 جماعتوں کے تقریباً 1800 مرد وخواتین اور بچوں نے نہایت جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی اور خلافت احمدیہ کے ساتھ اپنی دلی محبت اور وابستگی کا اظہار کیا۔ ان تقریبات کی مختصر رپورٹ حسب ذیل ہے۔

بہاولپور شہر

مورخہ 18 مئی 2008ء کو بیت الذکر بہاولپور میں خلافت جوبلی کے سلسلہ میں جلسہ ہوا۔ بیت الذکر کے وسیع احاطے کو خدام نے خوبصورت جھنڈیوں اور ولولہ انگیز عبارات پر مشتمل بینرز سے سجایا ہوا تھا۔ شہر کے دور دراز علاقوں سے مستورات اور بچوں کو لانے کے لئے ویگنوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ جلسہ کی کارروائی مکرم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب امیر جماعت ضلع بہاولپور کی صدارت میں صبح 10 بجے شروع ہوئی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد پہلی تقریر خلافت احمدیہ کے سو سال کے موضوع پر مکرم انصر محمود عابد صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ بعد ازاں مکرم مبشر احمد جج صاحب نے "خلیفہ خدا بناتا ہے" مکرم محمد شفیق صاحب قیصر نے "خلفاء احمدیہ کے قبولیت دعا کے واقعات" مکرم ڈاکٹر سلطان احمد صاحب نے خلافت احمدیہ کے خلاف تحریکات اور ان کا عبرتناک انجام اور آخری تقریر مکرم عبدالمغنی صاحب زاہد مربی ضلع بہاولپور کی خلافت احمدیہ اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان پر ہوئی۔ جلسہ کے دوران متعدد نظمیں اور ترانے خوش الحانی کے ساتھ پیش کئے گئے۔ عہد وفا کی قرارداد منظور کی گئی دعا کے بعد جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ بعد ازاں تمام حاضرین کی خدمت میں جن کی تعداد 350 سے زائد تھی کھانا پیش کیا گیا۔

چک 192 مراد

اس جلسہ میں مقامی جماعت کے علاوہ تین اور جماعتوں چک نمبر 161 مراد، چک نمبر 183 مراد چک نمبر 190 مراد کے احباب وخواتین بھی 344 کی تعداد میں شامل ہوئے۔ بیت الذکر کو بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ مکرم عبدالمغنی زاہد صاحب مربی ضلع مکرم انصر محمود صاحب عابد مربی سلسلہ مکرم مسعود الحسن صاحب معلم سلسلہ و دیگر مقررین نے اپنی تقاریر میں خلافت احمدیہ کی برکات، کارناموں اور ایمان افروز واقعات کا بھی بہت موثر انداز میں تذکرہ کیا۔ خدام واطفال نے نظمیں اور ترانے پڑھے۔ متعدد غیر از جماعت معززین بھی آئے ہوئے تھے ہر طرف عید اور خوشی کا سماں نظر آرہا تھا۔ سب شرکاء کی ٹھنڈے مشروبات اور کھانے سے تواضع کی گئی۔

بستی شکرانی

بیٹ کے علاقے میں دریا کے کنارے واقع گاؤں بستی شکرانی کا جلسہ مورخہ 24 مئی 2008ء کو مکرم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب امیر ضلع کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اوچ شریف اور چک 6 عباسیہ سے عاشقان خلافت بڑی تعداد میں جوق در جوق شریک ہوئے۔ ایک کھلے میدان میں شامیانے اور قناتیں لگا کر خوبصورت پنڈال بنایا گیا تھا۔ خواتین کے لئے علیحدہ باپردہ انتظام تھا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام پڑھا گیا۔ مقررین میں مکرم سردار حیدر صاحب، مکرم انصر محمود صاحب مربی سلسلہ، مکرم ڈاکٹر سلطان احمد صاحب اور مکرم عبدالمغنی زاہد صاحب مربی سلسلہ شامل تھے۔ آخر میں مکرم امیر صاحب ضلع نے خطاب فرمایا اور دعا کروائی۔ اس جلسہ کی حاضری 484 تھی۔ تمام شرکاء کے لئے ٹھنڈے مشروبات اور پرتکلف کھانے کا عمدہ انتظام تھا۔

چک نمبر 23D.N.B

اس علاقے کی دو جماعتوں یعنی احمد پور شرقیہ اور چک نمبر 23D.N.B نے پروگرام کے مطابق اپنا جلسہ مورخہ 25 مئی 2008ء کو احمدیہ بیت الذکر چک 23D.N.B میں منعقد کیا۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر سے مکرم ڈاکٹر طاہر محمود منہاس صاحب، مکرم محمد شفیق قیصر صاحب اور مکرم عبدالمغنی زاہد صاحب مربی سلسلہ نے شرکت کی۔ یہاں بھی بہت جوش وخروش اور خلافت احمدیہ سے محبت کے نظارے دیکھنے میں آئے۔ احمدی احباب نے اپنے مکانات اور گلی کوچوں کو بھی جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا ہوا تھا۔ جلسہ کے دوران مربیان اور معلمین کرام نے خلافت کی برکات اور اہمیت پر پُرمغز تقاریر کیں اور خوش الحانی سے نظمیں اور ترانے پڑھے گئے۔ 110 افراد شریک جلسہ ہوئے۔ ضیافت کا بھی عمدہ انتظام تھا۔

چک نمبر 63D.B یزمان

مورخہ 25 مئی 2008ء کو تحصیل یزمان کی جماعتوں کا جلسہ چک نمبر 63D.B کی خوبصورت نو تعمیر شدہ بیت الذکر میں مکرم مبشر احمد صاحب جج نائب امیر صاحب ضلع کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مکرم انصر محمود صاحب مربی سلسلہ، مکرم محمد انور شاہد صاحب معلم سلسلہ، مکرم ڈاکٹر سلطان احمد صاحب اور مکرم مبشر احمد سدھو صاحب نے خلافت احمدیہ کے کارناموں اور برکات پر تقاریر کیں۔ 115 شرکاء نے استفادہ کیا۔ یہاں بھی جلسہ گاہ کو جھنڈیوں اور بینرز سے مزین کیا گیا تھا اور مشروبات اور پرتکلف کھانوں سے سب کی ضیافت کی گئی۔

چک نمبر 84 فتح

اس جلسہ میں مقامی جماعت کے علاوہ حاصل پور شہر اور چک 183 مراد کے احمدی احباب اور خواتین شریک ہوئے۔ ضلعی وفد میں مکرم مبشر احمد جج صاحب نائب امیر ضلع، مکرم مربی صاحب ضلع اور مکرم میجر مبشر احمد صاحب شامل تھے۔ مقامی جماعت نے بڑی محنت اور شوق سے بیت الذکر اور اردگرد کے علاقے کو جھنڈیوں اور خلافت احمدیہ کی تائید میں بینرز سے سجایا ہوا تھا۔ بچوں نے نظمیں اور ترانے پڑھے۔ مکرم عبدالرزاق صاحب بلوچ معلم سلسلہ مکرم انصر محمود صاحب مربی، مکرم عبدالمغنی صاحب زاہد مربی ضلع اور مکرم میجر مبشر احمد صاحب نے تقاریر کیں۔ ضیافت کا بھی عمدہ انتظام تھا۔ حاضری 125 تھی۔

چک نمبر 22 حمید آباد

یہ چھوٹی سی جماعت دو خاندانوں پر مشتمل ہے۔ جلسہ میں احمدی احباب وخواتین اور بچوں کے علاوہ علاقہ کے غیر از جماعت معززین بھی شریک ہوئے۔ جلسہ گاہ کھلی جگہ پر شامیانے لگا کر بہت خوبصورتی سے تیار کی گئی تھی۔ خلفائے احمدیت کے ارشادات اور خلافت احمدیہ کی تائید میں تیار شدہ بینرز بھی جابجا لگے ہوئے تھے۔ مکرم انصر محمود صاحب مربی سلسلہ، مکرم محمد شفیق قیصر صاحب ضلعی سیکرٹری دعوت الی اللہ اور مکرم عبدالمغنی زاہد صاحب مربی ضلع نے تقاریر کیں۔ خوش الحانی سے نظمیں اور ترانے بھی پڑھے گئے۔ آخر میں مکرم امیر صاحب ضلع نے خطاب فرمایا۔ اختتامی دعا کے ساتھ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ حاضری 110 تھی۔ سب شرکاء کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔

بہاولپور میں یوم خلافت جوبلی

27 مئی 2008ء کو تمام نماز سینٹرز میں نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی اور صدقہ کا بھی اہتمام کیا گیا نامساعد حالات کی وجہ سے۔ امیر صاحب ضلع نے احباب جماعت کو ہدایت فرمائی کہ وہ اپنے اپنے گھروں میں ہی MTA کی وساطت سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا تاریخی خطاب سنیں اور خوشیاں منانے کا انتظام کریں۔

تمام پابندیوں کے باوجود جماعت کے ہر فرد نے نہایت ولولے، جوش اور اظہار تشکر کے ساتھ اس دن کو منایا۔ دعائیں کیں۔ صدقات دیئے۔ حضور انور کے خطاب نے ہر ایک میں ایک نئی روح پھونک دی اور پیارے آقا کے ساتھ کھڑے ہو کر اس عالمی تاریخی عہد کو بھی دہرایا۔

بہاولپور شہر کے علاوہ باقی تمام جماعتوں میں اللہ کے فضل وکرم سے بھرپور تقریبات ہوئیں۔ احباب نے اکٹھے مل کر حضور انور کا خطبہ سنا۔ دعوتوں کا بھی اہتمام کیا گیا تھا اور ہر جگہ یہ جشن خلافت جوبلی بڑے اہتمام اور جوش وخروش سے منایا گیا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اور ہماری نسلوں کو خلافت احمدیہ کا جان نثار اور غلام بنائے رکھے اور فتوحات اور خوشیوں سے ہمکنار فرماتا رہے۔ آمین

درد جدائی

کتنے ہی برسوں سے ہم مہجور ہیں
دل کے ہاتھوں اب بہت مجبور ہیں
یاد جب چاہے الٹ ڈالے نقاب
آپ ہی دل میں مرے مستور ہیں
آپ کو دیکھا تو ہم دیکھا کئے
آپ تو ہر نور سے معمور ہیں
ہم فضاؤں کو مسخر کر چلے
دشمنانِ دیں بہت رنجور ہیں
وہ اندھیروں میں بھٹکتے ہی رہیں
ہم تو محو دید جبلِ طور ہیں
چاند تو اب چودھویں کا ہو گیا
جن کو آئے نہ نظر معذور ہیں
"میں غلام ابن غلام ابن غلام"
رہبر و مرشد مرے مسرور ہیں

ابنِ کریم

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پُر اثر واقعات

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب

ایک بت کی ذلت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے کچھ پہلے وہاں ایک بڈھے انصاری رہا کرتے تھے۔ جن کے بیٹے مسلمان ہو چکے تھے۔ مگر وہ خود مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنے گھر میں لکڑی کا ایک بت بنا کر رکھ چھوڑا تھا اور اسے پوجا کرتے تھے۔ اس بت کا نام مناۃ رکھا تھا۔ ان کا مسلمان لڑکا اور اس کے یار دوست ان کو بت پرستی سے منع کرتے۔ مگر وہ باز نہ آتے تھے۔ آخر ان نوجوانوں نے یہ کرنا شروع کیا۔ کہ رات کے وقت ان کے اس بت کو اٹھا کر کوڑی پر ڈال آیا کرتے تھے۔ صبح کو جب وہ انصاری اپنے بت کو نہ پاتے تو خفا ہوتے اور کہتے کہ کون میرے خدا کو چرا کر لے گیا؟ پھر ڈھونڈنے نکلتے۔ تو دیکھتے کہ گندگی کی کوڑی پر پڑا ہے۔ بیچارے اسے اٹھا کر لاتے۔ دھوتے، خوشبو لگاتے اور کہتے۔ اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ یہ حرکت کس کی ہے۔ تو اسے سخت ذلیل کروں۔ یہی کیفیت روز ہوا کرتی۔ ایک دن تنگ آ کر انہوں نے ایک تلوار اس بت کی گردن میں لٹکا دی۔ اور کہا کہ اے خدا! میں نہیں جانتا کہ تمہارے ساتھ یہ گستاخی کون کرتا ہے۔ اگر آپ میں کچھ بھی طاقت ہے تو آج اپنی حفاظت آپ کر لینا۔ یہ تلوار آپ کے پاس ہے۔ جب رات ہوئی تو مسلمان نوجوان نے وہاں پہنچ کر تلوار اس کے گلے سے نکال لی اور ایک مرے ہوئے کتے کے ساتھ بت کو باندھ کر ایک پاخانہ میں اسے ڈال دیا۔ صبح کو وہ بت کے بندے پھر اس کی تلاش میں نکلے اور ڈھونڈتے ڈھونڈتے اس کے سر پر جا پہنچے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک مردار کتے کے ساتھ بندھا ہوا گندگی میں لتھڑا پڑا ہے اور تلوار غائب ہے۔ یہ حال دیکھ کر ان کو یک دم بت پرستی سے سخت نفرت پیدا ہوئی۔ ہدایت الٰہی نے ان کی دستگیری کی اور وہ اسلام لے آئے۔ یہ شخص بڈھے اور لنگڑے تھے اور احد کے دن شہید ہوئے تھے۔ ان کی شہادت کا قصہ بھی سن لو۔

لنگڑے شہید

یہ انصاری بدر کی لڑائی کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم اپنے پَیر سے لاچار ہو۔ گھر میں ہی ٹھہرو۔ بدر کا موقعہ مدینہ سے بہت دور تھا۔ لاچار ٹھہر گئے۔ پھر جب احد کی جنگ ہوئی۔ تو انہوں نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ مجھے بھی ضرور لڑائی میں لے چلو۔ انہوں نے جواب دیا۔ ابا جان! آپ کو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہی لڑائی سے معافی دے رکھی ہے۔ وہ بولے کہ افسوس! تمہیں لوگوں نے بدر میں بھی مجھے جنت میں جانے سے رکوا دیا اور اب احد میں بھی منع کرتے ہو۔ یہ کہہ کر وہ لنگڑاتے لنگڑاتے میدان جنگ میں جا پہنچے۔ جب لڑائی شروع ہوئی۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہؐ اگر میں آج مارا جاؤں۔ تو لنگڑا ہونے کی وجہ سے مجھے جنت کے داخلہ میں تو کوئی روک نہ ہوگی۔ آپؐ نے فرمایا نہیں۔ ان کا ایک غلام بھی اس وقت ان کے ساتھ تھا۔ جو انہیں سہارا دے کر ہمراہ لایا تھا۔ اس غلام سے انہوں نے کہا۔ بھائی! اب تم گھر جاؤ میں میدان جنگ میں پہنچ گیا ہوں۔ اب تمہاری ضرورت نہیں۔ سعادت مند بولا کہ میاں! اگر آپ کے ساتھ میں بھی جنت میں چلا جاؤں۔ تو آپ کا کوئی نقصان ہے؟ یہ کہہ کر وہ غلام آگے بڑھا اور گھمسان لڑائی میں گھس گیا اور آخر شہید ہو گیا اور دونوں اپنے دل کی مراد کو پہنچ گئے اور جاودانی زندگی حاصل کر لی۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ

عورتوں کی تکلیف کا خیال

ایک مہم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمعہ اپنی بیبیوں کے تشریف لے جا رہے تھے کہ ایک اونٹ چلانے والے نے اس طرح کے لَے کرگانا شروع کیا۔ کہ اونٹ مست ہو کر تیز چلنے لگے۔ آپؐ نے یہ حال دیکھ کر فرمایا۔ بھائی دیکھو۔ شیشوں کا خیال رکھو۔ کہیں ان کو ٹھیس نہ لگ جائے۔

مجھے اللہ بچائے گا

ایک سفر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمعہ کچھ جماعت کے تشریف لے گئے۔ اس علاقہ کے بدو عربوں نے آپ کی خبر سنی۔ تو پہاڑوں پر چڑھ گئے۔ آپؐ نے لشکر سمیت ایک پڑاؤ پر مقام کیا اور صحابہ سے الگ ایک درخت کے نیچے لیٹ گئے اس وقت ایک شخص نے آپؐ کو اس طرح تنہا دیکھ کر علاقہ کے بدوؤں کے سردار وعثور سے جو بہت بہادر تھا یہ کہا کہ محمدؐ اس وقت اپنے لشکر سے الگ ایک جگہ بیٹھے ہیں۔ اس سے بہتر موقعہ ان کے قتل کا پھر نہ ملے گا۔ یہ سن کر وعثور نے ایک تیز تلوار اٹھائی اور گھات لگا کر یک دم پیچھے آپؐ کے سر پر جا پہنچا اور تلوار اٹھا کر قتل کرنے سے پہلے یہ کہنے لگا۔ کہ اب بتا اے محمدؐ! تجھ کو کون بچا سکتا ہے؟ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اللہ۔ وعثور کا ہاتھ یہ سن کر لرز گیا اور تلوار اس کے ہاتھ سے زمین پر گر پڑی۔ آنحضرتؐ نے بڑھ کر وہ تلوار اٹھا لی اور پھر کھڑے ہو کر فرمایا کہ اب تجھے میرے ہاتھ سے کون بچا سکتا ہے۔ وعثور کے حواس باختہ ہو گئے اور کہنے لگا کوئی نہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جا اور اپنا کام کر۔ وعثور پر اس بات کا اتنا اثر ہوا کہ وہ مسلمان ہو گیا اور پھر ان کی قوم بھی سب مسلمان ہو گئی۔

بچوں پر شفقت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا عباسؓ کے تین بچے چھوٹے چھوٹے مدینہ میں تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو بلایا کرتے تھے اور فرماتے تھے۔ کہ جو میرے پاس دوڑ کر پہلے آوے گا۔ اس کو یہ چیز دوں گا اس پر یہ بچے آپؐ کے پاس دوڑ دوڑ کر آتے اور آپ کی پشت اور سینہ پر لد جایا کرتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو پیار کرتے اور اپنے ساتھ لپٹا لیا کرتے تھے۔

صلح حدیبیہ بھی بڑی فتح تھی

ایک صحابی فرماتے ہیں۔ کہ اگرچہ فتح مکہ بھی بڑی فتح ہے۔ مگر ہم تو صلح حدیبیہ کو بھی فتح ہی سمجھتے ہیں۔ اس سفر میں آنحضرتؐ کے ہمراہ 1400 آدمی تھے۔ حدیبیہ ایک کنوئیں کا نام ہے۔ اس کا پانی صحابہ نے اس قدر کھینچا کہ ایک قطرہ باقی نہ رہا۔ جب آنحضرت کو یہ خبر ہوئی۔ تو آپ اس کنوئیں پر تشریف لائے اور اس کے کنارے بیٹھ کر ایک برتن میں پانی منگایا اور وضو کیا۔ پھر ایک کلی اس کنوئیں میں کی اور دعا فرمائی اور باقی پانی اس کنوئیں میں ڈال دیا۔ اس کے بعد اس کنوئیں میں اس قدر پانی ہو گیا۔ سارا لشکر اور تمام جانور سیراب ہو گئے۔ جب آنحضرتؐ حدیبیہ سے صلح کر کے واپس آئے۔ تو آپ پر راستہ میں سورہ فتح نازل ہوئی اور حقیقت میں یہ صلح ہی اسلام کی بڑی فتح تھی۔ کیونکہ اس صلح کی وجہ سے مسلمان اور کافر بڑی آزادی سے ایک دوسرے سے ملتے تھے اور مسلمانوں کی تبلیغ اور قرآن کفار کے کانوں تک پہنچنے لگی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی دنوں میں ہزارہا آدمی مسلمان ہو گئے۔

اُحد کے بعد کفار کا تعاقب

جب احد کے میدان سے کافروں کا لشکر واپس چلا۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا کون ہے جو ان کفار کے پیچھے جائے۔ یہ سن کر 70 آدمی تیار ہو گئے۔ ان لوگوں میں حضرت ابوبکر اور حضرت زبیر بھی شامل تھے۔

خندق کھودنا

حضرت جابر صحابی بیان کرتے ہیں کہ ہم خندق کے دن زمین کھود رہے تھے کہ اتفاقاً ایک جگہ بہت سخت پتھریلی زمین نکل آئی لوگوں نے آنحضرت کو اطلاع دی۔ آپ نے فرمایا میں آتا ہوں۔ چنانچہ آپؐ اس جگہ تشریف لائے اور اس وقت آپؐ کے پیٹ پر پتھر بندھے ہوئے تھے اور ہم لوگوں کا یہ حال تھا کہ تین دن سے منہ میں دانہ نہیں گیا تھا۔ آپؐ نے آ کر اس جگہ اپنی کدال ماری اس کے بعد وہ زمین نرم ہو گئی اور آسانی سے کھود لی گئی۔

بس اب ان کا آخری حملہ تھا

آنحضرتؐ نے خندق کی لڑائی کے بعد فرمایا کہ بس اب کافروں کے حملے ختم ہو گئے اب ہم ہی ان پر چڑھائی کریں گے۔

غزوہ ذات الرقاع

آنحضرتؐ کی ساتویں مہم کا نام غزوہ ذات الرقاع تھا۔ (یعنی دھجیوں یا چیتھڑوں والی مہم) اس مہم میں چھ چھ آدمیوں کے پاس ایک ایک اونٹ تھا۔ صحابہ کہتے ہیں ہم لوگ نوبت بہ نوبت اونٹوں پر سوار ہوتے تھے اور پیدل چلتے چلتے ہمارے پیر زخمی ہو گئے تھے اور بعض لوگوں کے تو پیروں کے ناخن گر پڑے تھے اور تلوے چھلنی ہو گئے تھے تو ان زخموں کی تکلیف سے صحابہ اپنے پیروں پر دھجیاں باندھ لیتے تھے۔ اس لئے اس مہم کا نام ہی دھجیوں والی مہم مشہور ہو گیا۔

رسول کریمؐ کے حواری زبیرؓ

ایک دن آنحضرتؐ نے جنگ خندق کے دنوں میں فرمایا کہ کوئی ہے۔ جو مجھے دشمن کی خبر لا کر دے؟ حضرت زبیر بولے میں یا رسول اللہ آپؐ نے پھر یہی سوال کیا زبیر نے پھر وہی جواب دیا۔ آپؐ نے تیسری دفعہ پھر کہا تو زبیر نے وہی جواب دیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرے حواری زبیر ہیں۔

حضرت عائشہؓ سے نکاح کی پیشگوئی

آنحضرتؐ نے حضرت عائشہؓ سے ایک دن فرمایا کہ میں نے تمہارے نکاح سے پہلے تمہیں دو دفعہ خواب میں دیکھا۔ ایک دفعہ تو یوں دیکھا کہ تم ریشم کی ایک چادر میں لپٹی ہوئی ہو اور ایک شخص کہتا ہے کہ یہ آپ کی بی بی ہیں۔ میں نے اس کپڑے کو کھولا۔ تو دیکھا کہ تم تھیں۔ اس وقت میں نے یہ تعبیر کی۔ کہ اگر یہی خدا کی مرضی ہے تو پوری ہو کر رہے گی۔

جنگ خندق کی مصیبت

خندق کی جنگ سخت سردی کے دنوں میں ہوئی تھی اور ساری خندق مہاجرین اور انصار نے اپنے ہاتھوں سے کھودی تھی۔ چونکہ سب لوگ دن رات اسی کام میں مصروف تھے۔ اس لئے کمانا کھانا اور سب کام کاج بند تھے اور بہت سے لوگ بھوکے کام کرتے تھے۔ آنحضرت نے جب اپنے رفیقوں کی یہ حالت دیکھی۔

تو ایک شعر فرمایا جس کے معنے یہ ہیں:۔
"اے اللہ اصلی زندگی آخرت کی ہی زندگی ہے پس تو اپنے فضل سے مہاجر اور انصار کو بخش دے۔"
اس کا جواب مہاجرین اور انصار نے ایک شعر میں دیا۔ جس کے معنے یہ ہیں:۔
"ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنا جان و مال سب کچھ محمدؐ کے ہاتھ بیچ ڈالا ہے اور جب تک ہم زندہ رہیں گے۔ خدا کی راہ میں محنت کرتے رہیں گے"۔
حضرت براء صحابی فرماتے ہیں۔ کہ میں نے خندق کی لڑائی کے دنوں میں آنحضرتؐ کو دیکھا۔ کہ آپؐ مٹی اٹھا اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں اور آپؐ کا گورا بدن۔ سب خاک آلودہ ہو گیا تھا اور آپؐ یہ فرماتے جاتے تھے:۔
"اے اللہ اگر تو نہ ہوتا۔ تو ہم ہدایت نہ پاتے۔ نہ صدقہ دیتے۔ نہ نماز پڑھتے۔ اب تو ہی ہمارے دلوں پر اطمینان نازل کر اور دشمن سے مقابلہ کے وقت ہم کو ثابت قدم رکھ۔ یا اللہ زیادتی ہمارے دشمنوں ہی کی ہے۔ ہم نہیں مانتے۔ مگر وہ ہمیں کفر اور لڑائی کے لئے مجبور کرتے ہیں۔"

یار غار

حضرت ابوبکرؓ صدیق بیان کرتے ہیں۔ کہ جب میں غار میں آنحضرتؐ کے ساتھ تھا۔ تو میں نے ایک دفعہ اپنا سر جو اٹھایا۔ تو باہر لوگوں کے پَیر مجھے دکھائی دئے۔ میں نے آنحضرتؐ سے کہا۔ یا رسول اللہ۔ اگر ان میں سے کوئی ذرا اپنی نظر نیچے جھکائے۔ تو ہمیں دیکھ لے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ابوبکر چپ۔ ہم دو آدمی ایسے ہیں۔ جن کے ساتھ تیسرا اللہ ہے۔

ہجرت کی ترتیب

براء بن عازب صحابی کہتے ہیں۔ مدینہ میں ہجرت کے زمانہ میں سب سے پہلے ہمارے پاس مصعب ابن عمیر اور ابن ام مکتوم نابینا آئے تھے۔ یہ دونو ہم لوگوں کو قرآن سکھایا کرتے تھے۔ پھر بلال۔ سعد۔ عمار بن یاسر آئے۔ ان کے بعد حضرت عمر معہ 20 اصحاب کے وارد ہوئے۔ اس کے بعد آنحضرتؐ تشریف لائے۔ جب آپؐ آئے۔ تو مدینہ والے اتنے خوش ہوئے۔ کہ بے حد۔ یہاں تک کہ چھوٹی چھوٹی لڑکیاں بھی تالیاں بجا بجا کر کہتی تھیں۔ "کہ اللہ کے رسول ہمارے ہاں آئے۔ اللہ کے رسول ہمارے ہاں آئے۔"

جانور پر ظلم

ایک دفعہ حضرت ابن عمرؓ ایک جگہ سے گزرے۔ وہاں کچھ لوگ ایک مرغی کو باندھ کر اس پر اپنے تیروں سے نشانہ بازی کر رہے تھے۔ ابن عمرؓ کو دیکھتے ہی وہ لوگ ادھر ادھر کھسک گئے۔ انہوں نے کہا۔ کہ کون یہ ظلم کر رہا تھا۔ آنحضرتؐ نے تو باندھ کر کسی جانور کو مارنے والے پر لعنت فرمائی ہے اور اسی طرح اس شخص کو بھی لعنتی کہا ہے۔ جو کسی جانور کے اعضاء کاٹ لے اور اس سے بھی منع فرمایا ہے۔ کہ کسی آدمی کے مونہہ پر مارا جائے۔

مجھے تو جنت درکار ہے

ایک دفعہ حضرت ابن عباسؓ نے اپنے دوستوں سے کہا دیکھو وہ سامنے جو کالی سی عورت جا رہی ہے یہ جنتی ہے یہ ایک دفعہ آنحضرتؐ کی خدمت میں آئی۔ اور کہنے لگی۔ کہ حضور مجھے مرگی پڑتی ہے اور میں اس کی بے ہوشی میں ننگی ہو جاتی ہوں۔ آپؐ میرے لئے دعا فرمائیے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اگر تو جنت چاہتی ہے۔ تو تو اس بیماری پر صبر کر ورنہ میں تیرے لئے دعا کروں گا کہ خدا تجھے شفا بخشے۔ اس عورت نے کہا۔ حضور اچھا میں صبر کروں گی۔ مجھے جنت درکار ہے۔ مگر اتنی دعا ضرور فرمایئے کہ یہ میرا بدن جو کھل جاتا ہے اور بے پردگی ہوتی ہے یہ نہ ہو۔ آنحضرتؐ نے اس کے لئے یہ دعا فرمائی۔ اس کے بعد اسے مرگی کے دورے تو پڑتے ہیں مگر ننگی نہیں ہوتی تھی۔

ننگے طواف

زمانہ جاہلیت میں شرم و حیا بہت کم تھا۔ لوگ اس میں ایک دوسرے کے سامنے ننگے نہایا کرتے تھے اور کعبہ کا طواف بالکل ننگے جسم کر لیا کرتے تھے۔ جب مکہ فتح ہوا۔ تو آنحضرت ﷺ نے اس بے شرمی کے رواج کو حکماً بند کیا۔

رحمۃ للعلمین

جب قریش نے آپؐ کو اور مسلمانوں کو بہت تکالیف پہنچائیں اور حق کے راستہ میں روک ہوئے اور دوسرے لوگوں کو بھی مسلمان ہونے سے روکنے لگے۔ تو آنحضرتؐ نے ان کے لئے یہ بددعا فرمائی۔ اے اللہ! ان لوگوں پر یوسف کے زمانہ کا سا سات برس کا قحط نازل کر۔ چنانچہ قحط پڑ گیا اور بہت آدمی بھوک کے مر گئے۔ اور سڑا ہوا مردار اور ہڈیاں تک کھا گئے اور آنکھوں کے آگے اندھیرا اور دھواں دکھائی دینے لگا جب قحط کی تکلیف حد سے گزر گئی۔ تو ابوسفیان آنحضرتؐ کے پاس آئے اور کہا اے محمدؐ آپؐ تو رشتہ داروں سے نیک سلوک کی ہدایت کرتے رہتے ہیں۔ مگر اب تو آپ کی اپنی قوم کال سے ہلاک ہو گئی۔ للہ خدا سے دعا کیجئے کہ اس مصیبت کو دور کرے۔ چنانچہ آپ نے دعا کی اور وہ قحط دور ہو گیا۔ مگر قریش لوگ تکلیف کے دور ہوتے ہی پھر وہی شرارتیں کرنے لگے۔

سورۃ تبت کا نزول

ایک دن آنحضرتؐ کوہ صفا پر چڑھے اور آپ نے قریش کو بآواز بلند پکارا۔ جب سب لوگ جمع ہو گئے تو آپ نے فرمایا کہ اگر میں تم سے یہ کہوں کہ دشمن تم پر صبح شام میں حملہ کرنے والا ہے۔ تو کیا تم میرا یقین کرو گے۔ سب نے کہا ہاں کیونکہ تو سچا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ پھر میری اس بات کو بھی سچا سمجھو کہ ایک سخت عذاب آنے والا ہے اور میں تمہیں اس سے ڈراتا ہوں۔
یہ سن کر ابولہب نے کہا تبا لک (یعنی تو مرے) تو نے اسی واسطے ہمیں جمع کیا تھا؟ اس کے اس کہنے کے جواب میں خدا کی طرف سے سورہ تبت نازل ہوئی۔ یعنی خود ابولہب ہی ہلاک ہوگا۔ اور اس کی عورت بھی عذاب میں گرفتار ہوگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ یعنی ابو لہب اور اس کی بیوی بڑے عذاب سے ہلاک ہوئے اور جس لشکر سے آپ نے قریش کو اس وقت ڈرایا تھا وہ بھی فتح مکہ کے دن عذاب الٰہی کے طور پر مکہ میں داخل ہوا اور آپ کی صداقت کا ایک نشان ٹھہرا۔

ہنسنا اور رونا

آنحضرتؐ نے ایک دن اپنی وفات سے کچھ پہلے حضرت فاطمہ کو بلایا اور آہستہ آہستہ کچھ ان کے کان میں فرمایا۔ وہ آپ کی بات سن کر رونے لگیں۔ پھر دوبارہ بلا کر کچھ بات ان کے کان میں کہی تو وہ ہنسنے لگیں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ہم لوگوں نے آپ کی وفات کے بعد ان سے پوچھا کہ وہ کیا بات تھی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے تو آپ نے یہ فرمایا تھا کہ اسی بیماری سے میری وفات ہوگی۔ اس پر میں رونے لگی۔ دوسری دفعہ آپ نے یہ فرمایا۔ کہ اے فاطمہ میرے بعد میرے اہل بیت میں سے سب سے پہلے مر کر تم مجھ سے ملو گی یہ سن کر میں خوشی کے مارے ہنسنے لگی۔

موت اختیار کر لی

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے آنحضرتؐ سے سنا تھا کہ ہر نبی کو مرنے سے پہلے اختیار دیا جاتا ہے وہ دنیا میں رہے چاہے آخرت کو پسند کرے۔ جب وہ آخرت کو پسند کر لیتا ہے تو اس کی جان قبض ہوتی ہے میں نے آنحضرتؐ کی وفات کے قریب آپ کو یہ پڑھتے سنا اور اس وقت آپ کا گلا بیٹھ گیا تھا۔ مع الذین انعم اللہ علیھم (یعنی مجھے ان لوگوں میں شامل کر دے تو جن پر تُو نے انعام کیا ہے) اس وقت میں سمجھ گئی کہ آپ نے موت کو اختیار کر لیا۔ پھر عین وفات کے وقت آپ کو غشی ہوئی اس وقت آپ کا سر میری ران پر تھا۔ جب ہوش آیا تو آپ نے چھت کی طرف دیکھا اور فرمایا۔ اللھم فی الرفیق الاعلی میں نے خیال کیا کہ اب آپ ہم میں رہنا پسند نہیں کرتے۔ پھر آپ مجھ سے کمر لگا کر بیٹھ گئے اور فرمانے لگے۔ اللھم اغفرلی وارحمنی والحقنی بالرفیق الاعلیٰ
جس وقت آپ کا دم نکلا۔ تو آپ کا سر میرے سینے پر تھا میں نے دیکھا کہ آپ کو سکرات موت کی اتنی تکلیف تھی کہ آپ کے بعد میں نے اتنی تکلیف کسی کو نہیں دیکھی۔
حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ یہ مجھ پر خدا کا فضل تھا کہ آنحضرت نے میرے گھر میں میرے سینہ پر سر رکھے ہوئے میری باری کے دن انتقال فرمایا۔ اس دن میرے بھائی عبدالرحمٰن سبز مسواک لئے ہوئے گھر میں آئے۔ تو آپ نے شوق سے اس مسواک کی طرف دیکھا۔ میں نے عرض کی کیا مسواک لے لوں۔ آپ نے اشارہ سے فرمایا۔ ہاں۔ میں نے وہ مسواک لے کر چبائی اور نرم کی۔ پھر آپ نے وہ مسواک کی۔ اس وقت آپ کے سامنے پانی کا بھرا ہوا ایک پیالہ رکھا تھا۔ آپ اس میں ہاتھ بھگو کر منہ پر پھیرتے جاتے تھے اور فرماتے تھے کہ لاالہ الا اللہ۔ انّ للموت سکرات (یعنی موت کے وقت بہت تکلیف ہوتی ہے) پھر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھایا اور فرمایا۔ اللھم فی الرفیق الاعلی۔ یہ کہا اور ہاتھ نیچے گر پڑا اور آپ کی روح مبارک پرواز کر گئی۔

آپ کو دوا پلانا

آپ کے لئے مرض موت میں ایک دوا تجویز کی گئی۔ جب وہ تیار ہو کر آئی تو اہل بیت نے اسے پلانا چاہا۔ آپ اس وقت غشی کی سی حالت میں تھے۔ مگر اشارہ سے منع کرتے تھے کہ مجھے دوا نہ پلاؤ۔ گھر والوں نے کہا کہ دوا سب بیماروں کو بری ہی لگتی ہے۔ چنانچہ زبردستی آپ کے منہ میں ڈال دی گئی۔ جب آپ کو ذرا افاقہ ہوا۔ تو آپ نے فرمایا کہ جب میں نے منع کیا تھا تو تم لوگوں نے مجھے زبردستی دوا کیوں پلائی۔ اچھا وہ دوا لاؤ۔ پھر آپ نے ان سب لوگوں کو جو اس کے پلانے میں شریک تھے وہ دوا پلوائی صرف حضرت عباس بچ گئے کیونکہ وہ پلانے کے وقت موجود نہ تھے۔

آنحضرتؐ کی محبت ہمارا ایمان ہے

ایک دفعہ آپؐ کے پاس حضرت عمرؓ حاضر ہوئے آپ نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا وہ کہنے لگے کہ یا رسول اللہ آپ مجھے سوائے اپنی جان کے ہر چیز سے زیادہ پیارے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا نہیں اے عمر خدا کی قسم جب تک میں تجھے اپنی جان سے بھی زیادہ پیارا نہ ہوں گا۔ تب تک تیرا ایمان کامل نہیں ہوگا۔ حضرت عمر یہ سن کر کہنے لگے کہ یا رسول اللہ بے شک اب آپ مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ پیارے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہاں اے عمر! اب ایمان کامل ہو گیا۔

آپ کی ایک پیشگوئی

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ کبھی کبھی عبادہ بن صامت صحابی کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ان کی بیوی کا نام ام حرام تھا۔ ایک دن انہوں نے آنحضرت کی دعوت کی اور کھانے کے بعد جب آپ لیٹ گئے تو آپ کے سر کو صاف کرنے لگیں۔ آپ سو گئے جب اٹھے تو ہنستے اٹھے۔ ام حرام نے پوچھا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں نے اپنی امت کے لوگوں کو بادشاہوں کی

طرح سمندر میں جہازوں پر سوار ہو کر جاتے دیکھا ہے۔ ام حرام نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ اللہ سے دعا کریں کہ خدا مجھے بھی ان لوگوں میں سے کر دے۔ آپ نے دعا کی اور پھر سو گئے۔ جب دوبارہ اٹھے تو پھر ہنستے ہوئے اٹھے ام حرام نے کہا کہ یا رسول اللہ اب آپ کیوں ہنستے اٹھے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے ایک اور جماعت کو اپنی امت میں سے دیکھا کہ خدا کے رستہ میں جہاد کر رہے تھے۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے لئے بھی دعا کریں کہ میں ان لوگوں میں شامل ہوں۔ آپ نے فرمایا تم تو پہلے لوگوں میں شامل ہو گی چنانچہ ام حرام حضرت معاویہ کے زمانہ میں سمندر کے سفر پر گئیں اور جہاز سے اترتے وقت اپنی سواری کے جانور سے گر کر شہید ہوئیں۔

جیسا بھتیجا ویسا بھانجا

جناب ابو طالب کی ایک بہن تھیں وہ غیروں میں بیاہی گئی تھیں ان کے ایک بیٹے تھے۔ ان کا نام ابو سلمہ تھا۔ یہ بھی شروع شروع میں مسلمان ہو گئے تھے۔ ان کے قبیلہ کے لوگوں نے جب ان پر ظلم توڑنے شروع کئے تو یہ اپنی دودھیال بھاگ کر اپنے ماموں ابو طالب کے پاس آ چھپے ان کے چچا وغیرہ ابو طالب کے پاس آئے۔ تاکہ ابو سلمہ کو گرفتار کر کے لے جائیں۔ مگر ابو طالب نے ان کے واپس دینے سے انکار کیا۔ اس پر ان لوگوں نے کہا کہ اے ابو طالب تم نے ہم لوگوں سے اپنے بھتیجے (یعنی آنحضرت) کو بچا لیا اب کیا ہم سے ہمارے بھتیجے کو بھی بچاتے ہو۔ ابو طالب نے جواب دیا۔ کیوں نہیں۔ میرا فرض ہے کہ اپنے بھانجے کو بھی اس مصیبت سے بچاؤں جس سے میں اپنے بھتیجے کو بچاتا ہوں۔ اس پر وہ لوگ ناکام اپنے گھر واپس گئے۔ اس کے بعد ابو سلمہ حبش کی طرف ہجرت کر گئے۔

عورتوں۔ بچوں اور بوڑھوں کو امن دینا

ایک صحابی (رباح ؓ) ذکر کرتے ہیں کہ رسول اللہ ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ اس لشکر کے اگلے حصہ کے افسر خالدؓ بن ولید تھے۔ ان کا مقابلہ دشمن سے ہوا۔ تو لڑائی میں ایک عورت بھی ماری گئی۔ ہم لوگ اس عورت کی لاش کو دیکھ رہے تھے کہ اتنے میں آنحضرتؐ بھی پیچھے سے تشریف لے آئے۔ دیکھ کر ناراض ہوئے اور فرمانے لگے کہ یہ عورت تو لڑائی نہیں کرتی تھی یہ کیوں قتل کی گئی۔ پھر آپ نے ایک آدمی کو لشکر کے اگلے حصہ کی طرف بھیجا اور فرمایا کہ خالد بن ولید کو جا کر کہہ دو کہ عورتوں بچوں اور بوڑھوں کو ہرگز قتل نہ کریں۔

ایک مبلغ اسلام

بدر کی جنگ میں کافروں کی طرف سے ایک شخص عمیر ابن وہب بھی شریک تھے اور یہ آنحضرتؐ اور مسلمانوں کے سخت دشمن تھے۔ یہ خود تو بدر سے بچ کر مکہ آ گئے۔ مگر ان کا ایک بیٹا مسلمانوں کی قید میں آ گیا۔ جب کفار کا لشکر شکست کھا کر مکہ آیا۔ تو ایک دن یہ عمیر اور صفوان بن امیہ (یہ بھی کافروں کے ایک بڑے سردار تھے) اکیلے ایک جگہ کعبہ کے پاس بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ کہ صفوان نے کہا کہ بدر میں اپنے لوگوں کے مارے جانے سے ہماری زندگی تلخ ہو گئی۔ عمیر نے کہا ہاں بات تو یہی ہے مجھ پر قرض ہے جس کے ادا کرنے کا کوئی سامان مجھے نظر نہیں آتا اور کچھ میرے بال بچے ہیں۔ جن کے لئے کوئی گزارہ نہیں۔ اگر ان دو باتوں کا انتظام ہو جائے۔ تو محمدؐ کے پاس جا کر اسے قتل کر دوں۔ اپنی جان پر کھیل جاؤں مگر اسے کبھی زندہ چھوڑوں اور محمدؐ کے پاس جانے کے لئے میرے پاس اچھا بہانہ بھی ہے۔ میرے ایک بیٹے کو وہ قید کر کے لے گئے۔ میں کہوں گا۔ کہ میں اپنے بیٹے کو فدیہ دے کر چھڑانے آیا ہوں یہ سن کر صفوان بہت خوش ہوا اور اس نے کہا کہ تمہارا قرضہ میرے ذمے۔ باقی رہے بال بچے۔ سو پہلے وہ کھائیں گے پھر میرے بال بچے۔ اس پر معاملہ طے ہو گیا اور صفوان نے عمیر کے لئے سامان سفر تیار کر دیا اور ایک زہر کی بجھی ہوئی تلوار اس کو دے دی۔

غرض عمیر مدینہ پہنچے اور مسجد کے دروازہ کے آگے اترے۔ حضرت عمرؓ نے ان کو دیکھا۔ اس وقت وہ اپنے دوستوں میں بیٹھے جنگ بدر کا ہی ذکر کر رہے تھے۔ جب انہوں نے عمیر کو دیکھا اور دیکھا کہ اس کے پاس تلوار بھی ہے۔ تو ان کو اندیشہ ہوا اور کہا کہ یہی بے ایمان بدر کے دن بھی مسلمانوں کی مخبری کرنے آیا تھا۔ خدا خیر کرے۔ اب یہ کیوں یہاں آیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے فوراً آنحضرتؐ کو اس بات کی خبر دی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اس کے پاس تلوار ہے اور یہ شخص بڑا مکار اور فریبی ہے۔ اس کا اعتبار نہ کیجئے گا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اچھا اس کو میرے پاس لے آؤ۔ حضرت عمر اس کو لے کر آنحضرتؐ کی خدمت میں پہنچے۔ آنحضرتؐ نے پوچھا اے عمیر! تم یہاں مدینہ میں کیوں آئے ہو۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا آپ کی قید میں ہے۔ اس کے لئے آیا ہوں آپ اس کا فدیہ لے لیں اور اسے چھوڑ دیں۔ کیونکہ آپ بڑے نیک اور رحم دل آدمی ہیں۔ آنحضرتؐ نے پوچھا۔ کہ پھر تم یہ تلوار کیوں ساتھ لائے ہو۔ عمیر نے کہا۔ یہ کم بخت تلوار بدر کے دن ہمارے کس کام آئی۔ جواب کسی کام آئے گی۔ میں اسے بھولے سے لے آیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا سچ بولو عمیر نے پھر وہی بات کہی۔ جو پہلے کہی تھی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا پھر وہ شرطیں کیا تھیں۔ جو تم نے کعبہ میں صفوان سے کی تھیں۔ یہ سن کر عمیر ڈر گئے اور کہنے لگے۔ میں نے تو کوئی شرط اس سے نہیں کی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تم نے اس سے میرے قتل کا وعدہ لیا اس شرط پر کہ وہ تمہارے بال بچوں کا خرچ اٹھائے اور تمہارا قرضہ ادا کرے۔ حالانکہ میری حفاظت خدا کرتا ہے۔ عمیر نے بے اختیار ہو کر کہا کہ یا رسول اللہ! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اس کے پیغمبر ہیں۔ یا رسول اللہ ہم آپ کو جھوٹا نبی کہتے تھے۔ مگر ان شرائط کی سوائے میرے اور صفوان کے اور کسی کو خبر نہ تھی۔ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے یہاں بھیج دیا اور میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لایا۔ آنحضرتؐ نے اپنے اصحاب کو فرمایا کہ عمیر کو قرآن سکھاؤ اور ان کے بیٹے کو رہا کر دو۔ اس کے بعد انہوں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ مجھے مکہ جانے کی اجازت دیجئے۔ تاکہ میں قریش کو اسلام کی دعوت دوں شاید وہ ہلاکت سے بچ جائیں آپؐ نے ان کو اجازت دی اور وہ مکہ چلے گئے۔

اب صفوان کا قصہ سنو! اس نے عمیر کے جانے کے چند دن کے بعد لوگوں سے کہنا شروع کیا کہ لوگو! خوش ہو جاؤ۔ عنقریب تم ایسی خوشخبری اور فتح کی خبر سنو گے کہ بدر کے واقعہ کو بھول جاؤ گے اور جو کوئی شخص مدینہ سے آتا تھا۔ اس سے صفوان پوچھا کرتا تھا کہ بتاؤ مدینہ میں کچھ حادثہ تو نہیں ہوا۔ یہاں تک کہ ایک شخص نے بیان کیا کہ تازہ واقعہ یہ ہے کہ عمیر مسلمان ہو گئے۔ یہ سن کر سب مشرکوں نے عمیر پر لعنت کی اور صفوان نے قسم کھائی۔ کہ اب میں بھی عمیر سے بات نہیں کروں گا اور نہ اسے کوئی فائدہ پہنچاؤں گا۔ اس کے بعد حضرت عمیر بھی مکہ پہنچ گئے اور انہوں نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلانا شروع کیا اور مکہ کے بہت سے لوگ ان کے ہاتھ پر اسلام لائے۔

بقیہ صفحہ 6 شجاعت کے حقیقی معنی

(ماہنامہ خالد سیدنا مصلح موعود نمبر بر موقع خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی جون، جولائی 2008ء صفحہ نمبر 270)

سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شجاعت و بہادری۔

مکرم سید قاسم احمد شاہ صاحب فرماتے ہیں جب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے تو آپ کو اسیر راہ مولیٰ ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا ایک جھوٹے بے بنیاد مقدمہ میں آپ کو گرفتار کر لیا گیا اور آپ دس دن تک جھنگ جیل میں رہے پھر چنیوٹ کے ایڈیشنل سیشن جج نے جب عبوری ضمانت کینسل کی اور گرفتاری کا لمحہ آیا تو خاکسار نے مشاہدہ کیا کہ آپ نے کسی قسم کی کوئی پریشانی اور گھبراہٹ محسوس نہیں کی جیل کے دوران میں بھی اسی طرح ہشاش بشاش رہے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے فضل فرمایا اور 10 مئی کو رہائی کے سامان ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا یہ پیارا بندہ عید کی سی خوشیاں بکھیرتا واپس ربوہ آ گیا مخالفین نے پھر شور ڈالا کہ ربوہ کے مجسٹریٹ نے رہائی کے لیے جو روبکار ایشو کی ہے اس کا حق اس مجسٹریٹ کو نہیں تھا اس بناء پر ہائی کورٹ نے دوبارہ آرڈر دیدیا کہ اس امر کو دوبارہ دیکھا جائے کیس جس جج کے پاس جانا تھا بعض واقعات سے اس کا متعصب ہونا ظاہر ہوتا تھا ایک ہمدرد پولیس افسر نے کھل کر بتا دیا تھا کہ اس نے فیصلہ آپ کے خلاف ہی کرنا ہے اس لئے انتظار کرنا مناسب ہوگا اس کی عدالت میں مقدمہ نہ ہی پیش کیا جائے تو بہتر ہے کیس کی فائل اسی افسر نے عدالت میں پیش کرنی تھی اسی افسر نے کچھ عرصہ کے بعد بتایا کہ جج چھٹی پر جا رہا ہے اور اس کی جگہ پر جو صاحب آ رہے ہیں وہ غیر متعصب ہیں اور اس کیس میں سمجھتے ہیں کہ آپ سے زیادتی ہو رہی ہے اس لئے اگر اجازت ہو تو یہ معاملہ اس کی عدالت میں لگوایا جائے چنانچہ مشورہ کے بعد کیس اس نئے جج کی عدالت میں پیش کرنے کا فیصلہ ہو گیا جس دن معاملہ عدالت میں پیش ہونا تھا اس سے ایک دن پہلے مغرب کی نماز کے بعد ہم بیت مبارک میں بیٹھے تھے میاں خورشید احمد صاحب ان دنوں قائم مقام ناظر امور عامہ تھے مجھے طبعاً گھبراہٹ بھی تھی کہ کہیں دوبارہ قید نہ کر لیں چنانچہ میں نے آہستہ آواز میں میاں خورشید صاحب کو کہا کہ میاں صاحب دعا کریں مجھے تو خوف محسوس ہو رہا ہے حضرت میاں مسرور احمد صاحب نے مجھے دیکھ لیا اور میاں خورشید صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے فرمانے لگے قاسم کیا کہہ رہا ہے۔ خوف کس بات کا؟ زیادہ سے زیادہ قید ہی کر لیں گے اور کیا کریں گے؟ تو کر لیں قید کوئی بات نہیں آپ کے چہرہ پر اور لب ولہجہ میں کسی قسم کی گھبراہٹ کے کوئی آثار نہیں تھے میں سمجھتا ہوں کہ اتنی زیادہ دلیری انسان اس وقت تک نہیں دکھا سکتا جب تک وہ کامل توحید پر قائم نہ ہو الحمدللہ اگلے دن یہ مسئلہ بطریق احسن حل ہو گیا اور مخالفین کو کانوں کان خبر نہ ہوئی کہ اس کے خلاف اپیل کریں۔ جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو مخالفین نے کیس کو دوبارہ اٹھانے کی کوشش کی تو معلوم ہوا کہ وقت گزر چکا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ایسے تمام لوگوں کو اپنی رحمت کے سایہ میں رکھے جو ایسے تکلیف دہ حالات میں جماعت کی مدد کے لئے جرأت رکھتے ہیں۔ (آمین اللّٰھم آمین)

(ماہنامہ تشحیذ الاذہان سیدنا مسرور ایدہ اللہ نمبر بر موقع خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی ستمبر، اکتوبر 2008ء صفحہ نمبر 41)

شجاعت کے حقیقی معنے اور بے نظیر مثالیں

مکرم محبوب احمد مغل صاحب

اصل میں شجاعت ہے کیا اس کے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

حقیقی شجاعت جو محل اور موقع کے ساتھ خاص ہے اور جو اخلاق فاضلہ میں سے ایک خلق ہے وہ ان محل اور موقع کے امور کا نام ہے جن کا نام خدائے تعالیٰ کے پاک کلام میں اس طرح پر آیا ہے......یعنی بہادر وہ ہیں کہ جب لڑائی کا موقعہ آپڑے یا اُن پر کوئی مصیبت آپڑے تو بھاگتے نہیں۔ اُن کا صبر لڑائی اور سختیوں کے وقت میں خدا کی رضامندی کے لئے ہوتا ہے اور اُس کے چہرہ کے طالب ہوتے ہیں نہ کہ بہادری دکھانے کے۔ اُن کو ڈرایا جاتا ہے کہ لوگ تمہیں سزا دینے کے لئے اتفاق کر گئے ہیں۔ سو تم لوگوں سے ڈرو پس ڈرانے سے اور بھی اُن کا ایمان بڑھتا ہے اور کہتے ہیں کہ خدا ہمیں کافی ہے۔ یعنی ان کی شجاعت کتوں اور درندوں کی طرح نہیں ہوتی جو صرف طبعی جوش پر مبنی ہو۔ جس کا ایک ہی پہلو پر میل ہو۔ بلکہ ان کی شجاعت دو پہلو رکھتی ہے۔ کبھی تو وہ اپنی ذاتی شجاعت سے اپنے نفس کے جذبات کا مقابلہ کرتے ہیں اور اُس پر غالب آتے ہیں اور کبھی جب دیکھتے ہیں کہ دشمن کا مقابلہ قرینِ مصلحت ہے تو نہ صرف جوشِ نفس سے بلکہ سچائی کی مدد کے لئے دشمن کا مقابلہ کرتے ہیں۔ مگر نہ اپنے نفس پر بھروسہ کر کے بلکہ خدا پر بھروسہ کر کے بہادری دکھاتے ہیں اور ان کی شجاعت میں ریا کاری اور خود بینی نہیں ہوتی اور نہ نفس کی پیروی۔ بلکہ ہر ایک پہلو سے خدا کی رضا مقدم ہوتی ہے۔

ان آیات میں یہ سمجھایا گیا ہے کہ حقیقی شجاعت کی جڑھ صبر اور ثابت قدمی ہے اور ہر ایک جذبہ نفسانی یا بلا جو دشمنوں کی طرح حملہ کرے اس کے مقابلہ پر ثابت قدم رہنا اور بزدل ہو کر بھاگ نہ جانا یہی شجاعت ہے۔ سو انسان اور درندہ کی شجاعت میں بڑا فرق ہے۔ درندہ ایک ہی پہلو پر جوش اور غضب سے کام لیتا ہے اور انسان جو حقیقی شجاعت رکھتا ہے وہ مقابلہ اور ترک مقابلہ میں جو کچھ قرینِ مصلحت ہو وہ اختیار کر لیتا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص358 تا 360)

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا طاقتور پہلوان وہ شخص نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھتا ہے۔

(بخاری کتاب الادب باب الحذر عن الغضب و مسلم)

آنحضور ﷺ کی شجاعت

اللہ تعالیٰ کے انبیاء کا ایک خلق بہادری اور جرأت بھی ہوتا ہے اور یہ خدا تعالیٰ پر یقین اور توکل کی وجہ سے مزید اُبھرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو کام ان کے سپرد کئے ہوتے ہیں وہ اس وقت تک انجام نہیں دیئے جا سکتے جب تک جرأت اور بہادری کا وصف ان میں موجود نہ ہو۔ دوسرے اوصاف کی طرح یہ وصف بھی انبیاء میں اپنے زمانے کے لوگوں کی نسبت سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ جو خاتم الانبیاء ہیں ان میں تو یہ وصف تمام انسانوں سے بلکہ تمام نبیوں سے بھی بڑھ کر تھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں۔

پھر مکہ میں بھی آپ ﷺ کی جرأت کا وہ واقعہ دیکھیں جب سب سردار جمع ہو کر آپ ﷺ کے چچا حضرت ابو طالب کے پاس آئے کہ اپنے بھتیجے کو روکو کہ اپنی تعلیم نہ پھیلائے ورنہ پھر ہم تمہارا بھی لحاظ نہیں کریں گے۔ اس پر چچا نے آپ ﷺ کو سمجھانے کے لئے بلایا تو آپ ﷺ نے سمجھ لیا کہ اب میرے چچا بھی میری مدد نہیں کر سکتے۔ لیکن اس خیال نے آپ ﷺ کی جرأت میں کمی نہیں کی بلکہ خدا تعالیٰ کے حکم کے مطابق اس سے یقین میں اور جرأت میں اور اضافہ ہوا اور فرمایا کہ چچا! اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی رکھ دیں تو پھر بھی میں اس کام کو نہیں چھوڑوں گا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو پورا کر دے یا میں خود ہلاک ہو جاؤں۔

(خطبات مسرور جلد سوم ص 254)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

